حرفِ آغاز

المیزان کا پہلا شمارہ جب قارئین کے ہاتھوں میں پہنچا تو بہت سے احباب اور اہل فکر و نظر شخصیات نے خطوط، فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے اس اقدام کو سراہا اور مفید مشوروں سے نوازا، اچھے مشورے ہمیشہ راہ نما اصول بنتے ہیں اور کام میں بہتری لانے کے لئے ایسے مفید اور تعمیری مشوروں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ اس سلسلے میں "المیزان" کی مجلس مشاورت کا ایک اجلاس بھی ہوا جس میں تمام اراکین نے نہایت تعمیری، مفید اور اہم نکات پیش کئے جن پر سب کا اتفاق ہوا، اس اجلاس میں طے شدہ نکات کا خلاصہ یہاں پیش کیا جا رہا ہے۔

الف :

مجلّہ میں حسب امکان درج ذیل موضوعات کا اضافہ کیا جائے :

- ☆ تجوید و قرائت
- ☆ علوم قرآن پر مطبوعہ کتب کا تعارف
- ☆ اردو تفاسیر کا تعارف
- ☆ قرآن پر ہر سال ہونے والے کاموں کا جائزہ

ب :

موصولہ مقالات کے معیار کو پرکھنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے

- ☆ قرآن خادمین کے انٹرویوز اور زندگی نامے ان کے افکار و نظریات کا جائزہ پیش کیا جائے۔
- ☆ قرآن کریم پر انجام پانے والے ثقافتی کاموں مثلاً خط قرآن، فنون قرآن وغیرہ کا تعارف
- ☆ مغرب میں قرآن کریم کے حوالے سے انجام پانے والے کاموں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے۔
- ☆ قرآن کے اختلافی موضوعات پر تقابلی مطالعہ کی غرض سے مدلل اور منطقی انداز میں لکھے گئے مقالات کو شائع کیا جائے تاکہ اختلاف رکھنے والے لوگ دلیل کے ساتھ جوابی مقالات لکھ سکیں، فکر و تدبر کو فروغ ملے، مختلف مسالک ایک دوسرے کے استدلالات سے بھی آشنا ہو سکیں اور افکار و آراء کا تقابل بھی ہو سکے۔
- ☆ عربی لٹریچر اور فارسی سے تعلق رکھنے والے محققین کے مقالات و نظریات کو ترجمہ کر کے طبع کیا جائے۔

☆ پاکستان اور دیگر اسلامی ممالک کی یونیورسٹیوں میں M.Fill اور P.hd پر جو کام ہو چکا ہے ان کے سناپسز اور تھیسز حاصل کر کے شائع کئے جائیں۔

قارئین کرام کو بخوبی اندازہ ہوگا کہ ایک علمی اور معیاری رسالہ نکالنا کتنا مشکل ہے' وہ بھی قرآن کریم جیسے موضوع پر جس کے پڑھنے لکھنے والوں کی تعداد ہی کم ہوتی ہے اور ایسے رسالہ کو پھر پاکستان جیسے ملک میں طبع کیا جانا ہو جہاں تعلیمی اور تحقیقی کام نہ ہونے کے برابر اور محققین انگشت شمار ہیں سہل ممتنع ہی لگتا ہے' یہی وجہ ہے کہ علوم و معارف قرآنی کے موضوع پر بعض اوقات ایک مقالہ کی تلاش کرنے کے لئے کئی کئی ماہ بھاگ دوڑ کرنی پڑتی ہے البتہ "المیزان" کو اساتذہ اور علمائے کرام کی ایک مخلص اور محقق ٹیم کی سرپرستی حاصل ہونے کی وجہ سے بعض کام آسان ہو جاتے ہیں ۔ اس شمارہ کے آنے میں تاخیر کی وجہ اسی طرح کی بعض مشکلات ہیں۔

بہرحال : ہوئی تاخیر تو کچھ باعث تاخیر بھی تھا

آپ سے ہماری گذارش ہوگی کہ قرآن کریم سے متعلق کسی بھی قسم کی تحقیقی تحریر' خبر' قرآنی نسخوں اور فروغ علوم قرآن کے اداروں کا تعارف' ایم فل اور پی ایچ ڈی سناپسز اور تھیسز وغیرہ آپ کی نظروں سے گذریں تو المیزان کو یاد رکھیے گا۔

آپ کے ہاتھوں میں المیزان کا دوسرا شمارہ ہے جس میں مقالہ "وحی الٰہی-- ایک جائزہ" میں وحی کی اقسام' آیات و روایات میں اس کی اساس' اس کی امکانی صورت' وحی کا ادراک اور اس طرح کے دوسرے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے جبکہ تلاوت قرآن' گذشتہ سے پیوستہ مقالہ ہے۔ اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں "برصغیر میں مطالعہ قرآن" کے موضوع پر منعقدہ ایک روزہ قومی سیمینار میں پڑھا جانے والا مقالہ بھی شامل اشاعت کیا گیا ہے جس میں مکتب تشیع کے حوالے سے انجام پانے والے کام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تعارف تفاسیر کے حوالے سے اس بار دو مقالات شامل کیے گئے ہیں دونوں مقالات بہت کار آمد' مفید اور معلوماتی ہیں ۔ "آیت تطہیر" اور "قرآن اور ہدایت بشری" کا باقی حصہ بھی اس شمارہ میں شامل کیا گیا ہے۔

امید ہے حسب سابق اس شمارہ کے بارے میں بھی آپ اپنی مفید اور تعمیری آراء بھیج کر ہماری راہنمائی کریں گے۔

اللہ ہم سب کا نگہبان ہو۔

والسلام

"مدیر"